# چوہے مارنے کا حکمِ شرعی

**مجیب:** مولانا محمد ابوبکر عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** WAT-3493

**تاریخ اجراء:** 21 رجب المرجب 1446ھ / 22 جنوری 2025ء

## دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

## سوال

چوہے مارنے کا شرعی حکم کیا ہے؟

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

چوہوں کو مار سکتے ہیں کہ چوہا موذی (یعنی اپنے نفع کے بغیر ابتداءً دوسروں کا نقصان کرنے والے) جانوروں میں سے ہے اور اس طرح کے جانوروں کو ہر جگہ ہر حالت میں مار سکتے ہیں۔

صحیح مسلم میں ہے "عن عائشة رضي الله عنها، عن النبي صلى الله عليه وسلم أنه قال: خمس فواسق يقتلن في الحل والحرم: الحية، والغراب الأبقع، والفأرة، والكلب العقور، والحديا" ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت فرماتی ہیں کہ نبی کریم صَلَّی اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا: پانچ فاسق جانور ایسے ہیں جنہیں حل و حرم میں قتل کیا جا سکتا ہے، سانپ، کوا، **چوہا**، کاٹنے والا کتا اور چیل۔ (صحیح مسلم، جلد 1، صفحہ 445، مطبوعہ کوئٹہ)

بدائع الصنائع میں ہے "روي عن عائشة - رضي الله عنها - قالت: «أمر رسول الله - صلى الله عليه وسلم - بقتل خمس فواسق في الحل والحرم: الحدأة، والفأرة، والغراب، والعقرب، والكلب العقور» وعلة الإباحة فيها هي الابتداء بالأذى والعدو على الناس غالبا" ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا سے مروی ہیں، آپ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پانچ فاسق جانوروں کو حل و حرم دونوں جگہ قتل کرنے کا حکم دیا، (اور وہ پانچ جانور یہ ہیں) چیل، چوہا، کوا، بچھو اور کٹکھنا کتا۔ ان کو مارنے کے مباح ہونے کی علت یہ ہے کہ یہ ابتداء اذیت دیتے ہیں اور غالب طور پر انسانوں سے دشمنی رکھتے ہیں۔ (بدائع الصنائع، ج 2، ص 197، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

اس حدیثِ پاک کے تحت مشہور مفسر، مفتی احمد یار خان رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہِ فرماتے ہیں: "**یہ پانچ جانور موذی ہیں یعنی اپنے نفع کے بغیر دوسرے کا نقصان کر دینے والے ہیں، ان کا قتل ہر جگہ اور ہر حال میں دُرُست ہے۔** یہ جانور چونکہ اِبتداءً لوگوں کو ستاتے ہیں اور بغیر اپنے نفع کے لوگوں کا نقصان کر دیتے ہیں لہٰذا انہیں ہر جگہ حِل و حرم اور ہر حالت حلال و حرام میں قتل کر سکتے ہیں۔" (مراۃ المناجیح، جلد04، صفحہ192، مطبوعہ لاہور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net